UK Health
Security
Agency

NHS

# ہیپاٹائٹس B

## حمل کے دوران اور بچے کی پیدائش کے بعد آپ کی نگہداشت کی گائیڈ



immunisation

اپنی اور اپنے بچے کی حفاظت
کا محفوظ ترین طریقہ

# یہ کتابچہ کس بارے میں ہے؟


| | |
|---|---|
| آپ کے اسکریننگ ٹیسٹ کا نتیجہ اور اس کا مطلب | 4 |
| ہیپاٹائٹس B کیا ہے؟ | 5 |
| مجھے ہیپاٹائٹس B کیسے ہوا؟ | 5 |
| آپ کی نگہداشت کی منصوبہ بندی | 6 |
| آپ کے علاج اور نگہداشت کی نگرانی | 7 |
| آپ کے بچے کی نگہداشت | 8 |
| آپ کے بچے کا ویکسینیشن شیڈول | 9 |
| جب آپ گھر جائیں گی | 10 |
| کسے جاننے کی ضرورت ہے؟ | 11 |






## ہیپاٹائٹس B کیا ہے؟

**ہیپاٹائٹس B وائرس کا پیدا کردہ ایک انفیکشن ہے۔ وائرس ایک ایسا جراثیم ہے جو انفیکشن اور بیماری پیدا کر سکتا ہے۔**

وائرس آپ کی صحت کو کئی مسائل، بشمول جگر کی سوزش (سوجن)، میں مبتلا کر سکتا ہے جس سے جگر کے سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں جیسے کہ سخت داغدار ہو جانا (سروسس) اور کینسر۔ جگر جسم میں سب سے بڑا عضو ہے اور بہت اہم ہے۔ یہ بہت سے کام انجام دیتا ہے مثلاً:

- آپ کا خون صاف کرنا
- صفرا (bile) پیدا کرنا تاکہ آپ کی غذا ہضم ہونے میں مدد ملے
- آپ کی غذا سے شکر محفوظ کرنا تاکہ آپ کو توانائی ملے

## مجھے ہیپاٹائٹس B کیسے ہوا؟

**ہیپاٹائٹس B کا انفیکشن دنیا کے کچھ خطوں میں زیادہ عام ہے۔ انفیکشن ایک ایسی بیماری ہوتی ہے جو آپ کو دوسروں سے لگ سکتی ہے۔ یہ دوسرے لوگوں تک بھی پھیل سکتی ہے۔**

ہیپاٹائٹس B کا وائرس انفیکشن سے متاثرہ شخص کے خون یا جسمانی رطوبتوں میں موجود ہوتا ہے۔ جسمانی رطوبتوں سے مراد خون، منی، لعاب اور فُرج کی رطوبتیں ہیں۔

یہ بوسہ لینے، ہاتھ تھامنے، گلے ملنے، کھانسنے، چھینکنے یا کراکری اور کھانا پکانے کے برتنوں سے نہیں پھیلتا۔

**یہ اِن ذرائع سے پھیل سکتا ہے:**

- حمل یا پیدائش کے دوران ماں سے بچے میں منتقلی
- کنڈوم کے بغیر مباشرت کے دوران
- متاثرہ سوئیوں یا دوائیوں کے ایکوئپمنٹ کے استعمال سے
- ٹیٹو بنوانے، جسم چھدوانے، یا طبی یا دانتوں کے علاج کے لیے غیر جراثیم کش ایکوئپمنٹ کے ذریعے
- ٹوتھ برشز یا ریزرز پر خون کی معمولی مقدار موجود ہونے سے
- ایسے ممالک کی فیملیز (بچے سے بچ) میں جہاں انفیکشن عام ہے



# آپ کے اسکریننگ ٹیسٹ کا نتیجہ اور اس کا مطلب







حال ہی میں آپ کے خون کے کچھ ٹیسٹس ہوئے تھے۔ ایک نتیجے میں ظاہر ہوا ہے کہ آپ کو ہیپاٹائٹس B نامی ایک انفیکشن ہے۔

**یہ کتابچہ وضاحت کرے گا کہ ہیپاٹائٹس B کیا ہے اور آپ، آپ کے بچے اور آپ کی فیملی پر اس کے کیا اثرات مرتب ہوں گے۔**

اس کتابچے میں آپ کے حمل کے دوران آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے آپ کو اور آپ کے بچے اور فیملی کے دیگر افراد کو درکار نگہداشت کے بارے میں معلومات شامل ہیں۔

آپ کے حمل کے دوران ایک اسپیشلسٹ ٹیم آپ کی نگہداشت کرے گی جو اس کتابچے میں موجود تمام معلومات، بشمول آپ کے رہائشی علاقے میں دستیاب نگہداشت کی تفصیلات مہیا کرے گی اور آپ یا آپ کے شریکِ حیات کے تمام سوالات کے جواب دے گی۔

اس ٹیم میں ایک اسکریننگ مِڈ وائف، ایک اسپیشلسٹ نرس، جگر کی نگہداشت میں ماہر ایک ڈاکٹر، ایک ماہرِ زچہ بچہ، ایک فارماسسٹ اور آپ کا GP، پریکٹس نرس اور ہیلتھ وزیٹر شامل ہوں گے۔

## آپ کے علاج اور نگہداشت کی نگرانی

**UK ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی (UKHSA) کی یہ قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ قابلِ اطلاع بیماریوں، جیسے کہ ہیپاٹائٹس B کی انفیکشن زدہ بیماری کی کڑی نگرانی انجام دے۔ اس سے مراد وائرس اور بیماری میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی پر نظر رکھنا اور یہ جائزہ لینا ہے کہ ہماری استعمال کردہ ویکسین مسلسل کارآمد ہے یا نہیں۔**

یہ جاننا اہم ہے کہ اگر وائرس آپ کے بچے میں منتقل ہوا ہے تو ایسا کب اور کیسے ہوا۔ اس مقصد کے لیے ہم آپ کی اجازت سے آپ اور آپ کے بچے کے خون کے نمونے لیں گے اور انہیں اسپیشلسٹ ٹیسٹنگ کے لیے بھیجیں گے:

تمام خواتین اور بچے

- حمل کی ابتدا میں آپ کے خون کا ایک چھوٹا نمونہ
- 12 ماہ کی عمر میں آپ کے بچے کا چھوٹا خون کا نمونہ
- اگر آپ میں انفیکشن منتقل کرنے کی خاصیت زیادہ پائی جائے تو ہمیں ان کی بھی ضرورت ہوگی:
- آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد آپ کے خون کا ایک چھوٹا نمونہ
- پیدائش پر آپ کے بچے کی ایڑھی سے خون کے تین چھوٹے اسپاٹس*

پھر اس کا موازنہ بچے کی ایک سال کی عمر میں ہونے والے ٹیسٹ سے کیا جا سکتا ہے۔ اس سے سائنسدانوں کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ وائرس میں کیا تبدیلی آ رہی ہے۔

*نوٹ: پیدائش پر آپ کے بچے کا لیا جانے والا خون کا نمونہ بچے کی 5 سال کی عمر میں 'ایڑھی میں سوئی چبھو کر' کیے جانے والے ٹیسٹ سے مختلف ہے اور یہ بہت اہم ہے کہ آپ کے بچے کا یہ اسکریننگ ٹیسٹ بھی کیا جائے۔



## آپ کی نگہداشت کی منصوبہ بندی

**یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اپنا خیال رکھیں اور اپنے تمام اپائنٹمنٹس میں ضرور حاضر ہوں۔**

اسپیشلسٹ ٹیم آپ کے حمل اور پیدائش کے مکمل دورانیے میں آپ کی نگہداشت کی منصوبہ بندی کے لیے آپ کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔

**وہ آپ کو اس بارے میں معلومات دیں گے:**

- آپ کے بچے کو پیدائش پر اور اس کی 12 ماہ کی عمر تک ویکسینیشنز (انجیکشنز) کے ساتھ کیسے تحفظ دیا جائے گا
- آپ کے شوہر، دوسرے بچوں اور فیملی یا گھرانے کے کسی اور فرد کی ٹیسٹنگ

آپ کے کچھ مزید خون کے ٹیسٹس ہوں گے تاکہ یہ پتہ لگایا جا سکے کہ آپ کے خون میں ہیپاٹائٹس B کا وائرس کتنا ہے۔ ان سے ہمیں معلوم ہوگا کہ آپ میں انفیکشن منتقل کرنے کی خاصیت کم ہے یا زیادہ۔

اس کے بعد ہم ان نتائج کی بنیاد پر آپ اور آپ کے بچے کے بہترین علاج اور نگہداشت کی منصوبہ بندی کر سکتے ہیں۔ اگر وائرس کی سطح بلند ہوئی تو ہماری اسپیشلسٹ ٹیم آپ کو ٹیبلیٹس لینے کا کہہ سکتی ہے تاکہ وائرس کی سطحیں نیچے آ جائیں۔

ممکن ہے آپ کے جگر کی صحت جانچنے کے لیے آپ کا ایک اسکین بھی کیا جائے۔

ہم آپ کے حمل کے آخری دنوں میں آپ سے ملاقات کر کے بات کریں گے کہ آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد کیا ہوگا اور آپ کے تمام سوالات کے جواب دیں گے۔

ہیپاٹائٹس B آپ کے بچے کی پیدائش کے طریقے پر اثرانداز نہیں ہوتا۔ یہ بذریعہ آپریشن بچے کی پیدائش کا سبب بھی نہیں بنتا۔

آپ اپنے بچے کو محفوظ انداز میں اپنا دودھ بھی پلا سکتی ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ آپ خود کو اور اپنے بچے کو تندرست رکھنے کے لیے اپنے تمام اپائنٹمنٹس میں ضرور حاضر ہوں۔ وہاں موجود ٹیم آپ یا آپ کی فیملی کے تمام سوالات کے جواب فراہم کرے گی۔



## آپ کے بچے کا ویکسینیشن شیڈول

**آپ کے بچے کو ہیپاٹائٹس B سے تحفظ کے لیے مجموعی طور پر 6 ویکسینیشنز درکار ہوں گی۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ کے بچے کو یہ تمام ویکسینیشنز لگوائی جائیں۔**

| | |
|---|---|
| **ویکسینیشن 1 - واحد ہیپاٹائٹس B**<br>اسپتال میں بچہ ایک دن کا ہونے سے پہلے۔ بعض بچوں کو اضافی تحفظ کے لیے امیونوگلوبولن (HBIG) کے ایک دوسرے انجیکشن کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ | 1 دن |
| **ویکسینیشن 2 - واحد ہیپاٹائٹس B**<br>4 ہفتے کا ہونے پر - یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے بچے کو GP کے پاس رجسٹر کروا لیا ہو۔ | 4 ہفتے |
| **ویکسینیشن 3**<br>8 ہفتے کا ہونے پر بچپن کی معمول کی ویکسینیشن کے ساتھ جس میں ہیپاٹائٹس B کی ویکسین شامل ہوتی ہے۔ | 8 ہفتے |
| **ویکسینیشن 4**<br>12 ہفتے کا ہونے پر بچپن کی معمول کی ویکسینیشن کے ساتھ جس میں ہیپاٹائٹس B کی ویکسین شامل ہوتی ہے۔ | 12 ہفتے |
| **ویکسینیشن 5**<br>16 ہفتے کا ہونے پر بچپن کی معمول کی ویکسینیشن کے ساتھ جس میں ہیپاٹائٹس B کی ویکسین شامل ہوتی ہے۔ | 16 ہفتے |
| **ویکسینیشن 6 - واحد ہیپاٹائٹس B**<br>12 ماہ کی عمر میں آپ کے بچے کا ایک خون کا ٹیسٹ بھی درکار ہوگا تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ اسے ہیپاٹائٹس B ہے یا نہیں۔ یہ بہت اہم ہے۔ | 12 ماہ |

## آپ کے بچے کی نگہداشت

**اگر آپ اپنے بچے کی ویکسینیشنز وقت پر کروانا یقینی بنائیں تو ہیپاٹائٹس B کے انفیکشن کی روک تھام کی جا سکتی ہے۔**

ویکسینیشنز سے آپ کے بچے میں انفیکشن سے متاثر ہونے کا امکان بہت کم ہو جائے گا۔

ہیپاٹائٹس B کی شکار ماؤں کے بطن سے جنم لینے والے بچوں کو اضافی تحفظ درکار ہوتا ہے۔ آپ کے بچے کی پیدائش کے فوراً بعد اور پھر ان کی 4 ہفتے کی عمر اور 12 ماہ کی عمر ہونے پر اضافی انجیکشنز لگائے جاتے ہیں۔

اگر اپنے حمل کے دوران آپ میں وائرس کی بلند سطحیں موجود تھیں تو آپ کے بچے کو بھی پیدائش کے فوراً بعد ایک اور اضافی انجیکشن لگایا جائے گا جس کا نام ہے ہیپاٹائٹس B امیونوگلوبولن (HBIG)۔

جب آپ کا بچہ 8 ہفتے کا ہو جائے گا تو اسے معمول کی وہ تمام ویکسینیشنز لگنا شروع ہو جائیں گی جو تمام بچوں کو لگتی ہیں۔ ان میں ہیپاٹائٹس B کی ویکسین شامل ہوتی ہے۔

### یاد رکھیں:

بارہ ماہ کی عمر میں، جب آپ کے بچے کو اس کی تمام ویکسینیشنز لگ چکی ہوں، تو ایک خون کا ٹیسٹ درکار ہوگا تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ آپ کے بچے میں ہیپاٹائٹس B کا انفیکشن ہے یا نہیں۔



## آپ اور آپ کے بچے کے بارے میں کسے جاننے کی ضرورت ہے؟

ہمیں آپ اور آپ کے بچے کی نگہداشت کے عمل میں شامل تمام افراد کو آگاہ کرنا ہوگا کہ آپ کو ہیپاٹائٹس B ہے تاکہ ہم:

- آپ کی نگہداشت کی منصوبہ بندی اور فراہمی محفوظ انداز میں کر سکیں
- اسپیشلسٹ ٹیموں کے ساتھ درکار آپ کے تمام اپائنٹمنٹس طے کر سکیں
- آپ کے بچے کی نگہداشت اور مستقبل کی ویکسینیشنز کے لیے تمام اپائنٹمنٹس طے کر سکیں۔

ہمیں دیگر پروفیشنلز کو یہ بتانے کے لیے آپ کی اجازت درکار ہوگی کہ آپ کو ہیپاٹائٹس B ہے۔ ان میں شامل ہیں:

- GP
- آپ کا ہیلتھ وزیٹر
- صحت کی معلوماتی سروسز برائے اطفال (Child Health Information Service) جو آپ کے بچے کی تمام ویکسینیشنز اور نوزائیدہ بچے کے اسکریننگ ٹیسٹس کے نتائج کا اندراج رکھتی ہے۔

UK ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی یہ یقینی بنانے کے لیے معلومات وصول کرتی ہے کہ اسکریننگ اور مدافعت کاری کے پروگرامز محفوظ اور مؤثر ہوں۔



**یہ جاننے کے لیے کہ UK ہیلتھ سیکیورٹی ایجنسی اور NHS آپ کی معلومات کیسے استعمال اور محفوظ کرتے ہیں، ملاحظہ کریں**
**www.gov.uk/phe/screening-data**




تمام اپائنٹمنٹس میں اپنی سرخ کتاب ساتھ لے جانا نہ بھولیں یا ہیلتھ پروفیشنلز کو یاد دلائیں کہ وہ آن لائن اسے پُر کر دیں۔

# جب آپ گھر جائیں گی

## اپنے بچے کی پیدائش رجسٹر کروائیں

انگلینڈ، ویلز اور شمالی آئرلینڈ میں پیدا ہونے والے تمام بچوں کو پیدا ہوتے ہی 42 دن کے اندر اندر رجسٹر کروانا لازمی ہے۔ اگر آپ شادی شدہ ہیں تو آپ کے شوہر تنہا یہ کام کر سکتے ہیں۔ آپ کو پیدائش کا سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

## اپنے بچے کو اپنے GP کے پاس رجسٹر کروائیں

آپ اور آپ کے بچے کو GP کے پاس رجسٹر کروانا ضروری ہے تاکہ یہ یقینی بن سکے کو آپ کو درکار تمام تر نگہداشت مل سکے۔

اپنا بچہ پیدا ہوتے ہی اسے رجسٹر کروا لیں تاکہ آپ اس کی 4 ہفتے میں ہونے والی ویکسینیشن بُک کروا لیں۔

اگر آپ کے پاس پیدائش کا سرٹیفکیٹ ہوگا تو یہ کام زیادہ آسان ہو جائے گا۔ اگر اس حوالے سے آپ کو کسی مسئلے کا سامنا ہو تو اپنی مِڈ وائف یا ہیلتھ وزیٹر کو آگاہ کریں۔

## مستقبل کی نگہداشت

آپ اور آپ کے بچے کے لیے مختص کردہ تمام اپائنٹمنٹس کی پابندی کرنا اہم ہے بشمول وہ اپائنٹمنٹس بھی جو اسپتال میں اسپیشلسٹ ٹیم کے ساتھ طے ہوں۔

جب آپ کے بچے کی عمر چھ ہفتے ہو جائے گی تو آپ اور آپ کے بچے کو اپنے GP کے پاس یہ چیک کروانے کے لیے جانا ہوگا کہ پیدائش کے بعد سب کچھ ٹھیک ہے۔

# معلومات

**NHS**

www.nhs.uk/conditions/hepatitis

اپنے بچے کی پیدائش کو رجسٹر کروانا

www.gov.uk/register-birth

اپنے بچے کو GP کے پاس رجسٹر کروانا

www.nhs.uk/using-the-nhs/nhs-services/gps/how-to-register-with-a-gp-practice/

آپ کے بچے کی ذاتی صحت کا ریکارڈ (سرخ کتاب)

www.nhs.uk/conditions/pregnancy-and-baby/baby-reviews/#the-personal-child-health-record-red-book

NHS

© Crown copyright 2023. Version 2. UK Health Security Agency Gateway Number 2023-493. Product code: 2019256HBUR Urdu. 1P 5K NOV 2023 (APS). To order more copies of this asset, please visit: www.healthpublications.gov.uk or call 0300 123 1002.